بسم اللہ الرحمن الرحیم

وتر کی تین رکعتوں میں سورۃ نصر، سورۃ لہب اور سورۃ اخلاص پڑھنا جبکہ پہلی سورت دوسری سے چھوٹی ہے

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا وتر کی پہلی رکعت میں سورہ نصر، دوسری میں سورہ لہب اور تیسری میں سورۃ اخلاص پڑھ سکتے ہیں جبکہ سورۃ نصر میں تین آیات، سورۃ لہب میں پانچ آیات اور سورۃ اخلاص میں چار آیات ہیں؟

جواب

نماز وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ نصر، دوسری میں سورۃ لہب اور تیسری میں سورۃ اخلاص پڑھنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ تلاوت بالترتیب ہی ہے اور کوئی بھی اگلی سورت پچھلی سورت سے واضح طویل نہیں ہے۔

دوسری رکعت کی قراءت پہلی سے لمبی کرنا اس وقت مکروہ ہے جبکہ بیّن (واضح) فرق معلوم ہوتا ہو پوچھی گئی صورت میں معمولی فرق ہے اس لئے حرج نہیں۔

بہار شریعت میں ہے: "دوسری رکعت کی قراءت پہلی سے طویل کرنا مکروہ ہے جبکہ بیّن (واضح) فرق معلوم ہوتا ہو اور اس کی مقدار یہ ہے کہ اگر دونوں سورتوں کی آیتیں برابر ہوں تو تین آیت کی زیادتی سے کراہت ہے اور چھوٹی بڑی ہوں تو آیتوں کی تعداد کا اعتبار نہیں بلکہ حروف و کلمات کا اعتبار ہے، اگر کلمات و حروف میں بہت تفاوت ہو کراہت ہے اگرچہ آیتیں گنتی میں برابر ہوں، مثلاً پہلی میں "اَلَمۡ نَشۡرَحۡ" پڑھی اور دوسری میں "لَمۡ یَکُنۡ" تو کراہت ہے، اگرچہ دونوں میں آٹھ آٹھ آیتیں ہیں۔" (بہار شریعت، ج 1، ص 546-547، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعۡلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوۡلُہ اَعۡلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2407

تاریخ اجرا: 09ربیع الاول1447ھ/03ستمبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net